## روبرکس ماڈل پیپر اسلامیات اختیاری۔ دہم

### حصہ۔الف

| Q. No | 1 | 2 | 3 | 4 | 5 | 6 | 7 | 8 | 9 | 10 | 11 | 12 | 13 | 14 | 15 |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| Key | C | A | B | D | B | C | A | D | C | B | A | B | B | A | C |

### حصہ۔ب

**نمبر**:36

سوال نمبر1: مندرجہ ذیل میں سے صرف **9** سوالات کے مختصر جوابات لکھیں۔ ہر سوال کے **4** نمبر ہیں۔

i **سورۃ الاخلاص کی روشنی میں اللہ تعالیٰ کی چار صفات کی وضاحت کریں۔**

POSSILE ANSWER

1۔ احد۔(اللہ ایک ہے۔ اس کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں۔

2۔ الصمد۔(اللہ بے نیاز ہے۔ اس کو کسی کی حاجت نہیں۔ وہ بے پرواہ ہے۔ سب کا دستگیر ہے اور سب کی امیدوں کا مرکز ہے۔

3۔ لم یلد ولم یولد۔(نہ کسی کا باپ ہے نہ کسی کا بیٹا، یعنی اس کی حقیقت میں کوئی شریک نہیں)

4۔ ولم یکن اللہ کفوا احد (اس کا کوئی ہمسر نہیں۔ کوئی اس کی برابری نہیں کر سکتا)

نوٹ: طلبہ وضاحت کے لئے اپنے الفاظ کا استعمال بھی کر سکتے ہیں)

CHECKING HINTS

ایک صفت کی وضاحت لکھنے کا ایک نمبر (چار صفات کی وضاحت درکار ہے)

کل نمبر 4

ii **انبیاء کرام علیہم السلام کی چار مشترکہ خصوصیات تحریر کریں۔**

POSSILE ANSWER

1۔ اللہ تعالیٰ نے انسانوں کی راہنمائی کے لئے ہمیشہ کسی انسان کو ہی نبی بنا بر بھیجا ہے۔

2۔ نبوت اللہ تعالیٰ کا خاص عطیہ و انعام ہے جسے اللہ تعالیٰ اپنی رحمت سے جسے چاہتے ہیں مرحمت فرماتے ہیں۔

3۔ تمام انبیاء علیہم السلام کی تعلیمات اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہوتی ہیں۔

4۔ اللہ تعالیٰ معجزات عطا کرتے ہیں۔

5۔ ہر نبی اور رسول ولادت سے لے کر وفات تک خطاؤں سے پاک ہوتا ہے۔

CHECKING HINTS

ایک مشترکہ خصوصیت لکھنے کا ایک نمبر (چار خصوصیات درکار ہیں)

iii **زکوۃ واجب ہونے کی چار شرائط تحریر کریں۔**

POSSILE ANSWER

1۔ مسلمان ہونا

2۔ عاقل و بالغ ہونا

3۔ صاحب نصاب ہونا

4۔ مال پر پورا سال گزرنا

5۔ اتنا مقروض نہ ہونا جس سے نصاب کے برابر مال نہ بچتا ہو

CHECKING HINTS

ایک شرط لکھنے کا ایک نمبر

کل نمبر 4

iv عقیدہ ختمِ نبوت سے کیا مراد ہے؟ ختم نبوت سے متعلق ایک آیت کریمہ اور ایک حدیث مبارکہ کا ترجمہ لکھیں۔

عقیدہ ختم نبوّت: اس بات پر ایمان لانا کہ حضرت محمد ﷺ اللہ تعالیٰ کے آخری نبی اور رسول ہیں، اور قیامت تک کوئی بھی نیا نبی یا رسول پیدا نہیں ہو گا۔ عقیدہ ختم نبوت کہلاتا ہے۔

1۔ سورۃ الاحزاب میں ارشادِ باری تعالیٰ ہے: "مَا كَانَ مُحَمَّدٌ أَبَا أَحَدٍ مِنْ رِجَالِكُمْ وَلَكِنْ رَسُولَ اللّٰهِ وَخَاتَمَ النَّبِيِّينَ" کہ محمد ﷺ تم میں سے کسی مرد کے باپ نہیں مگر اللہ کے رسول ہیں اور تمام نبیوں میں سے آخری نبی ہیں۔

2۔ سورۃ المائدہ میں ارشادِ باری تعالیٰ ہے، "اَلْيَوْمَ أَكْمَلْتُ لَكُمْ دِينَكُمْ وَأَتْمَمْتُ عَلَيْكُمْ نِعْمَتِي وَرَضِيتُ لَكُمُ الْإِسْلَامَ دِينًا"، آج میں نے تمہارے لئے تمہارا دین مکمل کر دیا ہے اور تم پر اپنی نعمت تمام کر دی اور تمہارے لئے اسلام کو بطور دین پسند کر لیا۔

3۔ سورۃ الاعراف میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے "قُلْ يَا أَيُّهَا النَّاسُ إِنِّي رَسُولُ اللَّهِ إِلَيْكُمْ جَمِيعًا" ترجمہ: فرما دیجئے کہ اے لوگو! میں تم سب کی طرف اللہ کا رسول بن کر آیا ہوں۔ (وغیرہ)

احادیث مبارکہ:

POSSILE ANSWER

1۔ اَنَا خَاتَمُ النَّبِيِّينَ لَا نَبِيَّ بَعْدِي: میں خاتم النّبیّین ہوں، میرے بعد کوئی نبی نہیں ہے۔

2۔ بَيْنَ كَتِفَيْهِ خَاتَمُ النُّبُوَّةِ وَہُوَ خَاتَمُ النَّبِيِّيْنَ.

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے دونوں شانوں کے درمیان مہر نبوت ہے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم آخری نبی ہیں۔ (جامع الترمذی)

3۔ أَنَا اٰخِرُ الْأَنْبِيَاءِ، وَأَنْتُمْ اٰخِرُ الأُمَمِ.

میں آخری نبی ہوں اور تم آخری اُمت ہو۔ (سنن ابن ماجہ)

4۔ مَثَلِيْ وَمَثَلُ الْاَنْبِيَآءِ مِنْ قَبْلِيْ كَمَثَلِ رَجُلٍ بَنٰى بَيْتًا فَاَحْسَنَہ وَاَجْمَلَہ اِلاَّ مَوْضِعَ لَبِنَةٍ مِنْ زَاوِيَةٍ فَجَعَلَ النَّاسَ يَطُوْفُوْنَ وَيَعْجَبُوْنَ لَہ وَيَقُوْلُوْنَ، ہَلَّا وُضِعَتْ ہٰذِہِ اللَّبِنَةُ؟ قَالَ فَأَنَا اللَّبِنَةُ، وَاَنَا خَاتَمُ النَّبِيِّيْنَ.

میری اور مجھ سے پہلے انبیاء کی مثال ایسی ہے جیسے کسی شخص نے ایک گھر بنایا، اس کو بہت عمدہ اور آراستہ پیراستہ بنایا مگر ایک کونے میں ایک اینٹ کی جگہ چھوڑ دی، پس لوگ جوق در جوق آتے ہیں اور تعجب کرتے ہیں اور یہ کہتے ہیں یہ اینٹ کیوں نہیں لگادی گئی۔ آپ ﷺ نے فرمایا: وہ اینٹ میں ہوں اور میں انبیاء کرام کا خاتم ہوں۔ (صحیح البخاری)

(طلبہ ان کے علاوہ بھی کسی حدیث / آیت کا متن یا ترجمہ لکھ سکتے ہیں)

CHECKING HINTS

ختم نبوت کی تعریف لکھنے کے دو نمبر

ایک آیت کریمہ کا ترجمہ لکھنے کا ایک نمبر

ایک حدیث مبارکہ کا ترجمہ لکھنے کا ایک نمبر

کل نمبر 4

v **هُوَ اللَّهُ الَّذِي لَا إِلَٰهَ إِلَّا هُوَ عَالِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ هُوَ الرَّحْمَٰنُ الرَّحِيمُ آیت کریمہ میں اللہ تعالیٰ کی صفات کی وضاحت کریں۔**

POSSILE ANSWER

**1۔ اللہ تعالیٰ کے سوا نہ تو کوئی معبود ہے، نہ ہی کوئی پرورش کرنے والا اور نہ ہی اس کے علاوہ کسی میں ایسی نشانیاں پائی جاتی ہیں کہ اس کی عبادت کی جائے۔ (هُوَ اللَّهُ الَّذِي لَا إِلَٰهَ إِلَّا هُوَ)**

**2۔ اللہ تعالیٰ ہر پوشیدہ چیز سے باخبر ہے۔ ( عَالِمُ الْغَيْبِ)**

**3۔ اللہ تعالیٰ ہر ظاہر چیز سے بھی باخبر ہے۔ ( وَالشَّهَادَةِ)**

| | |
|---|---|
| | **4۔ اللہ تعالیٰ انسانوں کے تمام بھیدوں کو جاننے کے باوجود انہیں کسی پر عیاں نہیں کرتا۔ اس کی رحمت بہت وسیع ہے۔ اس کی رحمت تمام مخلوق کو گھیرے ہوئے ہے۔(الرَّحْمَنُ الرَّحِيمُ)** |
| CHECKING HINTS | **ایک صفت کی وضاحت کرنے کا ایک نمبر (چار صفات کی وضاحت درکار ہے)**<br>**کل نمبر 4** |
| vi | **جمع حدیث اور تدوین حدیث کا کیا مطلب ہے؟ عہدِ نبوی میں حفاظتِ حدیث کے دو طریقوں کی وضاحت کریں۔** |
| POSSILE ANSWER | 1۔ جمع حدیث: ذخیرہ احادیث کو جمع کرنا<br>2۔ تدوین حدیث: ذخیرہ احادیث کو کتابی شکل دینا<br>عہد نبوی ﷺ میں حفاظتِ حدیث کے طریقے:<br>1۔ حافظہ: صحابہ کرامؓ کا حافظ اتنا قوی تھا کہ نبی اکرم ﷺ کے ارشادات سن کر ان کو یاد رکھ کر حدیث کی حفاظت کرتے تھے۔<br>2۔ کتابت: نبی اکرم ﷺ نے احادیث کی حفاظت کے لیے انہیں لکھنے کا حکم دیا۔ |
| CHECKING HINTS | جمع حدیث کا مطلب لکھنے کا ایک نمبر<br>تدوین حدیث کا مطلب لکھنے کا ایک نمبر<br>حفاظت حدیث کا ایک طریقہ لکھنے کا ایک نمبر (دو طریقے درکار ہیں) |
| vii | **قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: "ألا أنبئكم بأكبر الكبائر؟" قلنا: بلى يا رسول الله: قال: "الإشراك بالله، وعقوق الوالدين" وكان متكئاً فجلس، فقال: "ألا و قول الزور و شهادة الزور" حدیثِ مبارکہ میں ذکر کردہ چار کبیرہ گناہ تحریر کریں۔** |
| POSSILE ANSWER | حدیث مبارکہ کی روشنی میں چار کبیرہ گناہ:<br>1۔ اللہ تعالیٰ کے ساتھ کسی کو شریک کرنا<br>2۔ والدین کی نافرمانی کرنا<br>3۔ جھوٹی بات کہنا<br>4۔ جھوٹی گواہی دینا |
| CHECKING HINTS | ایک کبیرہ گناہ کا نام لکھنے کا ایک نمبر (چار نام درکار ہیں)<br>کل نمبر 4 |
| viii | **علم فلسفہ کی تعریف کریں۔ تین مشہور مسلمان فلسفیوں کے نام لکھیں۔** |
| POSSILE ANSWER | 1۔ علم فلسفہ: اشیاء کے حقیقی اسباب کا علم / اشیاء کی حقیقی پہچان کا علم / یہ آگہی کا علم ہے جو کسی وجود کا مقصد دریافت کرنے کی کوشش کرتا ہے۔ وغیرہ<br>مسلمان فلسفیوں کے نام:<br>1۔ یعقوب الکندی<br>2۔ الفارابی<br>3۔ بو علی سینا<br>4۔ ملّا صدر الشیرازی<br>(طلبہ کسی بھی مسلم فلسفی کا نام لکھ سکتے ہیں) |
| CHECKING HINTS | علم فلسفہ کی تعریف لکھنے کا ایک نمبر<br>ایک مسلمان فلسفی کا نام لکھنے کا ایک نمبر (تین نام درکار ہیں) |

ix **علم الکلام کی تعریف کریں۔ علم الکلام کے تین مسلمان ماہرین کے نام لکھیں۔**

1۔ علم الکلام: وہ علم جس کے ذریعہ انسان کو یہ قدرت حاصل ہوتی ہے کہ وہ استدلال قائم کرتے ہوئے شکوک وشبہات کا ازالہ کرے۔

علم الکلام کے مسلمان ماہرین:

POSSILE ANSWER

1۔ ابوالحسن الاشعری

2۔ ابو منصور ماتریدی

3۔ نظام معتزلی

(طلبہ کوئی سے تین مسلم متکلمین کے نام لکھ سکتے ہیں)

CHECKING HINTS

علم الکلام کی تعریف لکھنے کا ایک نمبر

ایک متکلم کا نام لکھنے کا ایک نمبر (تین نام درکار ہیں)

کل نمبر 4

x **تہذیب کا کیا مطلب ہے؟ اسلامی تہذیب سے کیا مراد ہے؟ اسلامی تہذیب کی دو خصوصیات کے نام لکھیں۔**

POSSILE ANSWER

1۔ تہذیب: طرزِ زندگی / طریقِ معاشرت / کانٹ چھانٹ کرنا / اصلاح کرنا

2۔ اسلامی تہذیب: وہ تہذیب جو اسلام کے بنیادی نظریات اور اسلامی عقائد کی پیداوار ہے / نبی کریم ﷺ نے اپنے انقلابی ارشادات اور حکیمانہ تعلیمات کے ذریعے جو ذہنی و عملی انقلاب پیدا کیا اس کا نام اسلامی تہذیب ہے۔

خصوصیات:

1۔ توحید، 2۔ اخلاق، 3۔ سادگی، 4۔ دین و دنیا کی وحدت، 5۔ جامعیت، 6۔ اخوت

7۔ مساوات، 8۔ رواداری، 9۔ امر بالمعروف و نہی عن المنکر

CHECKING HINTS

تہذیب کا مطلب لکھنے کا ایک نمبر

اسلامی تہذیب کا مطلب لکھنے کا ایک نمبر

اسلامی تہذیب کی ایک خصوصیت لکھنے کا ایک نمبر (دو درکار ہیں)

xi **پاکستان اور ترکی کی دوستی کے بارے میں چار نکات تحریر کریں۔**

POSSILE ANSWER

1۔ اپریل 1954ء میں دونوں ملکوں کے درمیان ایک دوستانہ معائدہ ہوا ہے جو معائدہ بغداد کے نام سے مشہور ہے۔

2۔ پاکستان نے قبرص کے مسئۂ پر ترکی کی حمایت کی۔

3۔ ترکی نے مسئۂ کشمیر پر پاکستان کی حمایت کی۔

4۔ 1965ء کی جنگ میں ترکی نے پاکستان کی حمایت کی۔

5۔ 1971ء کی جنگ میں ترکی نے پاکستان کی حمایت کی۔

وغیرہ

CHECKING HINTS

ایک نکتہ لکھنے کا ایک نمبر (چار نکات درکار ہیں)

کل نمبر 4

xii **مرکب توصیفی اور مرکب عددی کی تعریف کریں۔ دونوں کی ایک ایک مثال بھی دیں۔**

POSSILE ANSWER

1۔ مرکب توصیفی: دو اسموں کا ایسا مجموعہ جس میں دوسرا اسم اپنے سے پہلے اسم کی اچھائی یا برائی بیان کرے۔ مثال کے طور پر:

1۔الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ، 2۔عِلْمًا نَافِعًا، 3۔رِزْقًا طَيِّبًا، وغیرہ

2۔ مرکب عددی: ایسا مرکب جس میں دو اعداد کو ایک کیا گیا ہو، پہلے عدد کو دوسرے عدد کے ساتھ ربط دینے والا کوئی حرف ہو، مثال کے طور پر:

1۔احد عشر،2۔اربع و ثمانون وغیرہ

CHECKING HINTS

مرکب توصیفی کی تعریف لکھنے کا ایک نمبر، مثال لکھنے کا ایک نمبر
مرکب عددی کی تعریف لکھنے کا ایک نمبر، مثال لکھنے کا ایک نمبر
کل نمبر4

## سیکشن۔ج

نوٹ: مندرجہ ذیل میں سے صرف 3 سوالات کے جوابات لکھیں۔ ہر سوال کے 8 نمبر ہیں۔

نمبر:24

**2۔ وَ مَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَ الْاِنْسَ اِلَّا لِيَعْبُدُوْنِ ترجمہ کریں۔ اسلامی عبادات کی پانچ خصوصیات تحریر کریں۔ زکوٰۃ اور روزے کا ایک ایک فائدہ لکھیں۔**

POSSILE ANSWER

1۔ ترجمہ: اور نہیں پیدا کیا میں نے جنّوں اور انسانوں کو مگر اپنی عبادت کے لئے

اسلامی عبادات کی خصوصیات

1۔عبادت خالص اللہ تعالیٰ کے لئے مخصوص رہتی ہے۔
2۔عبادت کے لئے کوئی خارجی شرط نہیں لگائی گئی۔
3۔اللہ تعالیٰ اور بندے کے درمیان کسی کو واسطہ نہیں بنایا گیا۔
4۔اسلامی عبادات میں اعتدال و میانہ روی پائی جاتی ہے۔
5۔اسلامی عبادات کا مقصد تزکیہ نفس ہے۔

زکوٰۃ کے فوائد:

1۔زکوٰۃ سے مال پاک ہوتا ہے۔( خُذْ مِنْ آمْوَالِهِمْ صَدَقَةً تُطَهِّرُهُمْ وَتُزَكِّيهِمْ بِهَا۔سورة التوبہ۔103)
2۔زکوٰۃ ادا کرنے سے آدمی کے قلب و روح کا تزکیہ ہوتا ہے۔
3۔زکوٰۃ ادا کرنا اللہ تعالیٰ کی محبت حاصل کرنے کا ذریعہ ہے۔
وغیرہ

روزے کے فوائد:

1۔اگلے پچھلے گناہ معاف ہو جاتے ہیں۔( غُفِرَ لَه. مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِه.)
2۔روزہ کا اجر اللہ تعالیٰ خود عطا کریں گے۔(الصَّوْمُ فَإِنَّهُ لِی، وَأَنَا أَجْزِی بِهِ)
3۔روزہ جہنم کی آگ سے ڈھال ہے۔( اَلصَّوْمُ جُنَّةٌ مِنَ النَّارِ)

وغیرہ

CHECKING HINTS

ترجمہ لکھنے کا ایک نمبر
عبادات کی ایک خصوصیت لکھنے کا ایک نمبر (پانچ خصوصیات درکار ہیں)
زکوٰۃ کا ایک فائدہ لکھنے کا ایک نمبر
روزے کا ایک فائدہ لکھنے کا ایک نمبر

کل نمبر 8

3- هُوَ اللَّهُ الَّذِي لَا إِلَٰهَ إِلَّا هُوَ الْمَلِكُ الْقُدُّوسُ السَّلَامُ الْمُؤْمِنُ الْمُهَيْمِنُ الْعَزِيزُ الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ سُبْحَانَ اللَّهِ عَمَّا يُشْرِكُونَ ۃ آیت کریمہ سے اسماء الحسنیٰ کی وضاحت کریں۔

POSSILE ANSWER

1۔ الْمَلِكُ: تمام چیزوں کا تنہا مالک ہے۔

2۔ الْقُدُّوسُ: تمام عیبوں سے پاک ہے / اس کا کوئی کام حکمت سے خالی نہیں / تمام اعلیٰ مخلوق ہمہ وقت اس کی تسبیح میں مشغول ہے۔

3۔ السَّلَامُ: اللہ تعالیٰ ہر عیب سے پاک ہے۔ / اپنے بندوں کو مصائب و تکالیف سے بچاتا ہے۔ / ہر قسم کی خامیوں سے محفوظ ذات ہے /

4۔ الْمُؤْمِنُ: تمام مخلوق کو اس نے امن دے رکھا ہے۔

5۔ الْمُهَيْمِنُ: تمام مخلوق اور ان کے اعمال، حفاظت، کا نگہبان و شاہد ہے۔

6۔ الْعَزِيزُ: اللہ تعالیٰ سب سے بڑی طاقت ہے، اس کے مقابلہ میں کوئی سر نہیں اٹھا سکتا۔

7۔ الْجَبَّارُ: وہ عظیم الشان طاقت و قدرت رکھنے والا ہے۔

8۔ الْمُتَكَبِّرُ: بڑائی صرف اللہ تعالیٰ کے لئے ہے جو بلند شان اور عظمت والا ہے۔

CHECKING HINTS

اسماء الحسنیٰ میں سے ایک کی وضاحت کرنے کا ایک نمبر (آٹھ کی وضاحت درکار ہے)

کل نمبر 8

4- تَجِدُ مِن شَرِّ النَّاسِ يَومَ القِيامَةِ عِنْدَ اللَّهِ ذا الوَجْهَيْنِ، الذي يَأْتي هَؤُلاءِ بوَجْهٍ، وهَؤُلاءِ بوَجْهٍ ترجمہ کریں ۔حدیثِ متواتر میں پائی جانے والی چار شرائط لکھیں۔

POSSILE ANSWER

1۔ ترجمہ: تم قیامت کے دن اللہ تعالیٰ کے ہاں اس شخص کو سب سے زیادہ بدتر پاؤ گے جو کچھ لوگوں کے سامنے ایک رخ سے آتا ہے اور کچھ کے سامنے دوسرے رخ سے جاتا ہے۔

حدیث متواتر میں پائی جانے والی شرائط:

1۔ راویوں کی تعداد کم از کم چار ہو۔

2۔ راوی پر کذب (جھوٹ) کا اِتّہام (شک) نہ ہو۔

3۔ سند کے ہر مرحلہ (ابتدا، وسط، انتہا) میں رواۃ کی تعداد چار سے کم نہ ہو۔

4۔ سننے والے کو اس سے یقینی علم حاصل ہو جائے۔

CHECKING HINTS

ایک شرط لکھنے کا ایک نمبر (چار شرائط درکار ہیں)

کل نمبر 4

5- سب سے بڑے اسلامی ملک کا نام لکھیں۔ مسلم ممالک میں غیر مسلموں کو حاصل حقوق تحریر کریں۔

POSSILE ANSWER

1۔ انڈونیشیا

مسلم ممالک میں غیر مسلموں کو حاصل حقوق:

1۔ اپنے مذہب کے مطابق عبادت بجالانے کی آزادی

2۔ اپنی ضرورت کے مطابق عبادت گاہ تعمیر کرنے کی آزادی

3۔ اپنی مذہبی کتاب پڑھنے اور بچوں کو پڑھانے کی آزادی

4۔ مذہبی تقریبات منعقد کرنے کی آزادی

5۔ اپنے مذہب کے مطابق خوراک لے سکنے کی آزادی

6۔ اپنی عائلی زندگی کے احکام پر عمل درآمد کی آزادی

7۔ پبلک عہدوں کو اپنی اہلیت کی بنیاد پر حاصل کرنے کی آزادی

CHECKING HINTS

ملک کا نام لکھنے کا ایک نمبر

ایک حق لکھنے کا ایک نمبر (سات حقوق درکار ہیں)

کل نمبر 8